ایڈوانس پریمیم ٹیکس کریڈٹ کے بارے میں حقائق

# آپ کے پیسوں کے حوالے سے مزید

## ٹیکس کریڈٹس کیا ہوتے ہیں؟

ٹیکس کریڈٹ کی وجہ سے آپ کے ہیلتھ پلان کا پریمیم کم ہو جاتا ہے۔ آپ کا پریمیم وہ رقم ہوتی ہے جو آپ کوریج کے لیے ہر مہینے ادا کرتے ہیں۔ آپ ٹیکس کریڈٹس صرف *Washington Healthplanfinder* سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## ٹیکس کریڈٹ کیسے کام کرتا ہے؟

ٹیکس کریڈٹس کی جو رقم آپ حاصل کرتے ہیں، اس کا انحصار آپ کے گھرانے کی آمدنی پر ہوتا ہے۔ آپ کی آمدنی جتنی کم ہو گی، آپ کو اتنا ہی زیادہ ٹیکس کریڈٹ ملے گا۔ ٹیکس کریڈٹس کا حساب آپ کے اندراج کے وقت لگایا جاتا ہے۔

$500
آپ کا ماہانہ پریمیم

—

IRS
$200
ٹیکس کریڈٹس جو IRS ادا کرتا ہے

=

$300
جو آپ ادا کرتے ہیں

## مجھے مزید کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

**تبدیلیوں کے بارے میں مطلع کریں۔** اپنے گھرانے کی معلومات کو *Washington Healthplanfinder* میں اپ ڈیٹ ریکھیں۔ اس سے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ آپ کو بعد میں ٹیکس کریڈٹ واپس نہ کرنا پڑے۔

**اپنا 1095-A استعمال کریں۔** یہ فارم آپ کا ٹیکس فائل کرنے کے لیے ضرورت ہوتا ہے۔ یہ فارم آپ کو جنوری میں مل جائے گا۔

**اپنے ٹیکس بروقت فائل کریں۔** اپنے ٹیکس فائل کرنے کے لیے اپنا 1095-A اور IRS فارم 8962 استعمال کریں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو IRS آپ کے ٹیکس کریڈٹس کی ادائیگی روک دے گا۔ اگر آپ شادی شدہ ہیں، تو ٹیکس کریڈٹس وصول کرنے کے لیے آپ کو ٹیکس مشترکہ طور پر فائل کرنا چاہیے۔

## اگر ضرورت ہو، تو معاونت حاصل کریں

ہمارا کسٹمر سپورٹ سنٹر سوالات کے جواب دے سکتا ہے اور آپ کو آپ کے علاقے کے ماہر سے جوڑ سکتا ہے۔

ہمیں کال کریں
**1-855-923-4633**

ہمیں وزٹ کریں:
**wahealthplanfinder.org**

**WAPlanfinder**
ایپ ڈاؤن لوڈ کریں